السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حدیث اِن اللہ حرم علی الارض اَن تاَکل اَجساد الاَنبیاء   لخ کی استنادی حالت کیا ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنن ابن ماجہ کی ایک طویل حدیث میں آپؐ نے فرمایا :

عن اَبی الدرداء قال : قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم : (اَکثروا الصلاۃ علی یوم الجمعۃ، فاِنّہ مشھود تشھدہ الملائکۃ، فاِنّ اَحداً لن یصلی علی اِلاّ عرضت علی صلاتہ حتی یفرغ منھا، قال قلت : وبعد الموت؟ قال : وبعد الموت، اِنّ اللہ حرم علی الاَرض اَن تاَکل اَجساد الاَنبیاء علیھم السلام، فنبی اللہ حی یرزق) (''سنن ابن ماجہ''، اَبواب الجنائز، باب ذکر وفاتہ ودفنہ، الحدیث : ۱٦۳۷، ج ۲، ص ۲۹۱)

یہ روایت ضعیف ہے اس کی سند میں دو جگہ انقطاع ہے حضرت ابوداؤد سے عبادہ بن نسی کا اور عبادہ بن نسی سے زید بن ایمن کا سماع ثابت نہیں۔

وباللہ التوفیق

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ